فوری ریلیز کے لیے: 2023/10/1　　　　گورنر KATHY HOCHUL

گورنر HOCHUL نے سالانہ کم از کم اجرت میں اضافے کے منصوبے کا اعلان کر دیا جس سے نیویارک کے باسیوں کو ضروریاتِ زندگی گزارنے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے نمٹنے میں مدد ملے گی

انہوں نے تجویز پیش کی کہ مہنگائی کے مقابلے میں نیویارک کی کم از کم اجرت کی انڈیکسنگ کی جائے، جس سے نیویارک کے لاکھوں باسی مستفید ہوں گے - خصوصاً خواتین اور مختلف رنگ والی جلد کے افراد

21 ویں صدی کی معیشت کی ضروریات کو پورا کرنے میں کارکنوں اور آجروں کی مدد کرنے کے لئے، گورنر نے ریاست کی افرادی قوت کی ترقی کے بنیادی ڈھانچے اور سول سروس اصلاحات کو مضبوط اور ہموار کرنے کے منصوبوں کا اجراء کیا تاکہ ریاست کی افرادی قوت میں جدت لائی جائے اور با صلاحیت افراد کا سلسلہ فروغ وسعت پا سکے

گورنر Kathy Hochul نے آج، 2023 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ کے جزو کے طور پر، کم اجرت پانے والے نیویارک باسیوں کو بڑھتی ہوئی مہنگائی اور افراط زر سے نمٹنے میں مدد دینے کے لئے انقلابی تبدیلیاں لانے والے ایک منصوبے کا اعلان کیا۔ اس تجویز کے تحت ہر سال ریاست کی کم از کم اجرت شمال مشرقی خطے کے لئے اجرت کمانے والوں کے لئے کنزیومر پرائس انڈیکس کی مقرر کردہ شرح سے بڑھے گی - جو خطے میں مہنگائی اور افراط زر کو ناپنے کا اعلی ترین پیمانہ ہے۔ توقع ہے کہ اس تجویز سے پوری ریاست نیویارک میں کم از کم اجرت پانے والے لاکھوں کارکنان کو فائدہ پہنچے گا۔ گورنر نے جرات مندانہ اقدامات کے ایک نئے سلسلے کی بھی نقاب کشائی کی جو ریاست کے ثابت شدہ افرادی قوت کو فروغ دینے کے بنیادی ڈھانچے کو مزید جدید اور مفید بنائے گا تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ نیویارک کے باسیوں کے پاس وہ مہارتیں موجود ہوں جو انہیں آج کی معیشت میں ترقی پانے کے لئے درکار ہیں، اور اس سے عوامی شعبے کی جدید تر افرادی قوت کی تعمیر نو میں بھی مدد ملے گی۔

"اگر ہم بڑھتی مہنگائی کے اس بحران سے واقعی نمٹنا چاہتے ہیں تو ہمیں یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ نیویارک میں کم اجرت پانے والے کارکنان کو ضروریات زندگی کی قیمتوں میں اضافے سے سب سے زیادہ نقصان پہنچا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مہنگائی اور افراط زر سے نٹنے کے لئے کم از کم اجرت کا تعین کرنے والا ہمارا 'کامن سینس' منصوبہ نہ صرف نیویارک کے لاکھوں محنتی باسیوں کی جیبوں میں زیادہ پیسہ پہنچائے گا، بلکہ یہ آجران کو پیش بینی کی استعداد بھی مہیا کرے گا اور مقامی معیشتوں اور کاروباری اداروں میں مزید خرچ والی سوچ کو بھی فروغ دے گا۔"

اس تجویز کے تحت ہر سال ریاست کی کم از کم اجرت شمال مشرقی خطے کے لئے اجرت کمانے والوں کے لئے کنزیومر پرائس انڈیکس (CPI-W) کی سال-بہ-سال شرح کے حساب سے بڑھا کرے گی - جو خطے میں مہنگائی اور افراط زر کو ناپنے کا اعلی ترین پیمانہ ہے۔ یہ امر یقینی بنانے کے لئے کہ کسی واحد سال کے اضافے سے روزگار کو خطرہ لاحق نہ ہو اس سالانہ اضافے کو محدود کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، یہ تجویز بعض اقتصادی یا بجٹ حالات کی صورت میں "آف ریمپ" کی بھی اجازت دے گی۔

نیو یارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف لیبر کی کمشنر Roberta Reardon نے کہا، "اپنی افرادی قوت میں سرمایہ کاری کرکے ہم ریاست نیویارک کے مستقبل میں سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔ گورنر Hochul نے عہدہ سنبھالنے کے بعد

سے بہت سی کامیابیاں سمیٹی ہیں، اور انہوں نے اپنی نگاہ مسلسل بڑے بڑے معاملات پر مرکوز رکھی ہوئی ہے۔ افرادی قوت کی ترقی کے لئے گورنر کا عزم مصمم اور جہد مسلسل یہ امر یقینی بناتی ہے کہ کل کی معیشت میں نیویارک کا کوئی بھی باسی پیچھے نہ رہے۔"

نیو یارک اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف سول سروس کے کمشنر Timothy R. Hogues نے کہا، "پورے ملک کے متعدد آجروں کی طرح نیویارک ریاست کو بھی ریاستی حکومت میں عہدوں پر تعیناتی میں کافی زیادہ چیلنجوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اور وبا کی وجہ سے یہ مسئلہ اور بھی بڑھ گیا تھا۔ سول سروس کے عمل کو از سر نو تصور اور جدید بنانے کے لئے گورنر Hochul کی جرات مندانہ قیادت ایک نئے ترقی پسند اور تبدیلی لانے والے سول سروس امتحان ماڈل کو فروغ دے گی جو تمام نیو یارک باسیوں کے لئے زیادہ مفید اور آسان ثابت ہوگا۔ محکمہ سول سروس میں، ہم سول سروس والی ملازمتوں میں داخلے کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرکے، ملازمت کے متلاشیوں سے وہاں ملاقات کرکے جہاں وہ ہیں، اور افرادی قوت کی اپنی ضروریات پوری کرنے کے لئے ریاست کی سوچ کو جدید تر بنا کر ایسی متنوع اور باصلاحیت افرادی قوت بھرتی کرنے اور برقرار رکھنے میں مدد دیں گے جو تمام نیویارک باسیوں کو مستقبل میں کامیابیوں کی نئی راہوں پر گامزن کرے گی۔"

کم از کم اجرت کو مہنگائی اور افراط زر کے ساتھ انڈیکس کرنے سے مزدوروں کے کمائے ہوئے پیسوں کی قوتِ خرید کو ایک سال سے دوسرے سال تک برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ اور جبکہ کم از کم اجرت میں یہ اضافہ کم آمدنی والے تمام کارکنوں کو فائدہ تو پہنچائے گا ہی، تاہم یہ خصوصی طور پر ان خواتین اور رنگدار افراد کے لئے مفید ثابت ہوگا جو کم از کم اجرت والے کارکنان کے غیر متناسب حصے پر مشتمل ہیں۔

سترہ دیگر فی الوقت ریاستیں یا تو اپنی کم از کم اجرت کو افراط زر یا کسی دوسرے معاشی فارمولے سے مربوط کرتی ہیں یا ایسا کرنے کے لئے تیار ہیں، بشمول ان تین ریاستوں کے جن کی کم از کم اجرت سنہ 2023 میں 15$ یا اس سے زیادہ رہی۔ اقتصادی تحقیق بتاتی ہے کہ کم از کم اجرت میں اضافے سے غربت اور معاشی امداد کیمد میں ہونے والے اخراجات میں کمی آئے گی، خرچ کرنے کی تحریک پیدا ہوگی، کارکنوں کی کارکردگی اور صلاحیتوں میں بہتری آئے گی اور متعدد دیگر فوائد بھی حاصل ہوں گے۔

گورنر Hochul نے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور افراط زر کا مقابلہ کرنے میں کارکنان کی مدد کرنے والے سابقہ اقدامات کی حمایت کی ہے۔ گزشتہ برس، گورنر نے نیویارک سٹی، لانگ آئی لینڈ اور ویسٹ چیسٹر سے باہر والی کاؤنٹیوں کے لیے کم از کم اجرت کو 14.20$ فی گھنٹہ تک بڑھانے کا اعلان کیا تھا۔ گورنر نے مالی سال 2023 کے بجٹ کے جزو کے طور پر گھریلو صحت کے معاونین کے لئے کم از کم اجرت میں اضافہ بھی یقینی بنایا تھا۔

<u>ریاست کے تربیتی اور روزگار کے انفراسٹرکچر کو جدید بنانا اور اس میں ہمواریت پیدا کرنا</u>

گورنر Hochul نے ایسے اقدامات کا بھی اعلان کیا جو نیویارک میں افرادی قوت کی ترقی کے نظام کو جدید بنائیں گے، ریاست میں با صلاحیت افراد کے معاملات میں بہتری لائیں گے، اور کارکنوں اور آجروں کو 21 ویں صدی کی معاشی ضروریات پوری کرنے میں مدد دیں گے۔ گورنر نیویارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف لیبر (NYSDOL) کیریئر سینٹرز کو کمیونٹی ٹریننگ اور کیریئر سینٹرز میں تبدیل کریں گی جو نیویارک کے لوگوں کے لیے ملازمت کے نئے مواقع کی تلاش میں ون-سٹاپ-شاپ کا کام کریں گے۔ ان مراکز میں نئی زندگی پھونکنے سے اضافی پیشہ ورانہ مہارت ٹرینرز بے روزگار اور کم آمدنی والے نیویارک باسیوں کو اونچی طلب والے پیشوں کی مفت تربیت فراہم کریں گے، مثلاً ڈیجیٹل اور مالی خواندگی اور انفرادی حیثیت میں نئے کاروباروں کی ابتدا کرنا وغیرہ۔ اسے ہر سال ہزاروں کارکنوں کی صلاحیتیں نکھارنے کے لئے ایک نئے اور بڑے پیمانے والے 'ملازمت کے دوران تربیتی پروگرام' کے ساتھ منسلک کیا جائے گا، جس کی توجہ اونچی طلب والی صنعتوں اور مشکل سے بھری جانے والے عہدوں پر مرکوز ہوگی۔

گورنر NYSDOL اور اسٹیٹ یونیورسٹی آف نیو یارک (SUNY) کو بھی ہدایت کریں گی کہ وہ کیریئر سینٹرز اور SUNY کے تعلیمی مواقع کے مراکز کے درمیان نئی شراکت داری قائم کریں تاکہ نیویارک کے باشندوں کو مختلف اقسام کی ملازمتوں کی تیاری اور خصوصی تربیتی دینے والی سروسز تک بلا معاوضہ اور بلا تعطل رسائی فراہم کی جا سکے۔ یہ نیا مربوط لائحہ عمل SUNY کے مضبوط تربیتی اور تعلیمی بازو کے ساتھ اپنی سروسز کو مربوط

کرکے NYSDOL کے ثابت شدہ کیریئر سینٹر ماڈل کو مزید وسعت دے گا، جس سے کاروباری اداروں کی ضروریات کو حقیقی وقت میں بہتر طور پر پورا کرنے اور ملازمت کے متلاشیوں کو ٹیوشن فری تربیت تک فوری رسائی فراہم کرنے میں مدد ملے گی۔ NYSDOL اور SUNY وفاقی فنڈنگ اور دیگر ریاستی ایجنسیوں اور کمیونٹی کے وسائل کے ساتھ شراکت داری کو فروغ دینے کے لئے کام کریں گے، تاکہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ باسیوں کو تربیت کے مواقع تک رسائی حاصل کرنے اور جامع معاونتی سروسز حاصل کرنے میں مدد ملے۔ اس سے یہ امر یقینی بنے گا کہ نیویارک کے تمام باسی قابل حصول ڈپلومہ اور اسناد کے ذریعے ڈیجیٹل خواندگی اور پیشہ ورانہ مہارتوں کی تربیت، ریزیومے تیار کرنے، ملازمتیں تلاش کرنے اور نیٹ ورکنگ میں معاونت، وغیرہ جیسی دیگر خدمات کے ذریعے آج کے دور کی ملازمت مارکیٹ کے لئے تیار ہوں جن سے ان کے لئے روزگار کی راہ میں حائل رکاوٹیں کم ہوں گی۔

نیویارک کی عوامی افرادی قوت کی تعمیر نو

گورنر Hochul نے نیو یارک اسٹیٹ سول سروس کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے ایک منصوبہ بھی تیار کیا جس سے 15,000 سے زائد کارکنان کی کمی کو پورا کرنے کے لئے سرکاری شعبے کی افرادی قوت کی تعمیر نو کی جائے گی کیونکہ 26 فیصد سے زائد ریاستی افرادی قوت اگلے پانچ سالوں میں ریٹائرمنٹ کے لئے اہل ہونے والی ہے۔ ان کی اس حکمت عملی کا مقصد اعلیٰ ترین صلاحیتوں کے حامل افراد کو اپنی جانب متوجہ کرنا اور برقرار رکھنا بھی ہے اور ساتھ ہی نیویارک ریاست کی بہتر عکاسی کرنے کے لئے عوامی افرادی قوت کے تنوع میں مندرجہ ذیل امور انجام دے کر اضافہ بھی کرنا ہے:

- امیدواروں کو امتحان میں بیٹھنے کے زیادہ مواقع فراہم کرنے کے لئے سول سروس کے امتحانات کا مستقل بنیادوں پر انعقاد؛
- پوری ریاست نیویارک میں مخصوص NYSDOL کیریئر سینٹرز میں حکومتی کیریئرز کے لئے اسٹریٹجک مقامات پر مراکز قائم کرنا جہاں موجود سول سروس کے ماہرین محکمہ سول سروس، نیویارک اسٹیٹ ایجنسیوں، علاقائی تعلیمی اداروں، کمیونٹی پر مبنی تنظیموں، اور ملازمت کے متلاشیوں کے مابین براہ راست رابطے کے طور پر کام کریں گے؛
- زیادہ مسابقتی اجرت فراہم کرنے کے لئے سول سروس کی تنخواہ کے ڈھانچے کو جدید بنانا تاکہ ریاست اعلیٰ درجے کے با صلاحیت افراد کو بھرتی کر سکے؛
- ٹیلی کام اور ہائبرڈ ورک ماڈلز کو بہتر سہولت فراہم کرنے کے لئے ریاستی دفاتر کی عمارتوں کو جدید تر بنانا؛
- ریاست نیویارک کے ملازمین کے لئے تنخواہ والی والدینیت کی چھٹیوں میں مزید توسیع کرنا؛
- ریاست نیویارک کے ساتھ کیریئر کے مواقع کو فروغ دینے کے لئے 'عوامی خدمت والے امور' کی مہم کا آغاز کرنا؛ اور
- ہمارے مستقبل کے لئے نرسیں نامی سکالرشپ پروگرام پر محیط ایک نیا ایوارڈ راؤنڈ جاری کرنا۔ فنڈنگ کا یہ دوسرا دور وصول کنندگان کی حوصلہ افزائی کرے گا کہ وہ اپنی گریجویشن کے بعد ریاستی ایجنسی کے ساتھ کسی نرسنگ عہدے پر کام کریں تاکہ نرسوں کی اگلی نسل کو ریاستی حکومت میں مفید اور اعلیٰ تنخواہوں والے کیریئر حاصل کرنے کی طرف راغب کیا جا سکے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418